اذان دینے والی مرغی کھانا حلال ہے یا نہیں؟

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3218

تاریخ اجراء: 29 ربیع الثانی 1446ھ/02 نومبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی مرغی بانگ دینا شروع ہو جائے تو کیا یہ حلال ہوتی ہے یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مرغی اذان دینے لگ جائے تو بھی وہ حلال ہی رہتی ہے۔ اس کے انڈے اور گوشت کھانا بالکل جائز ہے۔ بعض لوگ ایسی مرغی کو منحوس سمجھ کر ذبح کر ڈالتے ہیں، جبکہ اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

حدیث مبارک میں ہے "قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر، وفر من المجذوم كما تفر من الأسد" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ مرض کا اڑ کر لگنا ہے نہ پرندہ نہ الو نہ صفر کوئی چیز ہے اور کوڑھی سے ایسے بھاگو جیسے تم شیر سے بھاگتے ہو۔ (الصحیح البخاری، ج 07، ص 126، رقم الحدیث 5707، دار طوق النجاۃ)

امام ابو الحسن علی بن محمد ماوردی علیہ رحمۃ اللہ القوی لکھتے ہیں: "اعلم أنه ليس شيء أضر بالرأي ولا أفسد للتدبير من اعتقاد الطيرة" جان لو! بدشگونی سے زیادہ فِکر کو نقصان پہنچانے والی اور تدبیر کو بگاڑنے والی کوئی شے نہیں ہے۔ (ادب الدنیا والدین، ص 314، دار مکتبۃ الحیاۃ)

اِس قسم کے وَہمی خیالات کے متعلق تفصیلی معلومات حاصِل کرنے کے لئے دعوتِ اسلامی کے اِشاعَتی اِدارے مکتبۃُ المدینہ کی 127 صفحات پر مشتمل کتاب "بدشگونی" کا مُطالعہ کیجئے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net